سوال

(578)اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقال ہوگیا   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقال ہوگیا۔ اور ہندہ لاولد ہے۔ ایک حقیقی خالہ اور دو حقیقی خالہ ذاد بہنیں اور یہی حقیقی دونوں بہنیں چچازاد بہنیں ہوتی ہیں۔ اور دو حقیقی پھوپھی کی اولاد جن میں سے ایک پھوپھی کی اولاد میں ایک لڑکا ہے۔ دوسری پھوپھی کی اولاد میں س دو لڑکے ایک لڑکی ہے۔ اور جس قدر نقدی وزیور ہندہ نے چھوڑا ہے۔ وہ عمر سے پہلے خاوند کا مہر ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حسب فتویٰ علم وراثت ہندہ کے مال کے پانچ حصے ہوں گے۔ ایک حصہ حقیقی خالہ کوملے گا۔ چار(دو۔ دو) ہر ایک پھوپھی کو ملیں گے۔ خالہ زاد بہنیں محروم۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص550

محدث فتویٰ